نبی ﷺ نے اپنی کسی بیوی کا ولیمہ دو مُد جو سے کیا تھا

صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ "نبی ﷺ نے اپنی کسی بیوی کا ولیمہ دو مُد جو سے کیا تھا"

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

حدیث میں اس بات کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے امہات المومنین میں سے کسی سے شادی کی اور ان کے لیے ولیمہ کیا ان کے ولیمہ میں آپ ﷺ نے جَو کھانا پکوایا وہ دو مد جَو سے تیار کیا تھا، جَو کے علاوہ آپ ﷺ کے پاس کچھ بھی نہ تھا اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ آپ ﷺ تنگ دست تھے لیکن باجود مشکل اور سخت حالات کے آپ ﷺ نے ولیمہ کی یہ سنت نہ چھوڑی اور نہ ہی اس میں کچھ اہمال برتا یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ ایک بکری سے کم پر بھی ولیمہ کرنا صحیح ہے اور یہ کہ جو کھانا بھی سہولت کےساتھ میسر ہو اسی سے ولیمہ ہو جاتا ہے اس کا دار ومدار انسان کی طاقت و وسعت پر ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/58116